رسید تحائفِ احباب

مجله فقه اسلامی کے قارئین اور همارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف همیں بهیجے هیں- هم اپنے ان احباب کا شکریه ادا کرتے هیں اور الله تعالی سے دعاء گو هیں که وه مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رهے که یه تحائف کا تذکره اور ان کی وصولی کی رسید هے کوئی تبصره نهیں اور نه هم خود کو کسی تبصره کا اهل خیال کرتے هیں)- مجلس ادارت-

اس بار موصول ہونے والے علمی تحائف میں درج ذیل کا تعارف وتذکرہ پیش خدمت ہے۔

شرح عقائد نسفی: حضرت علامہ ساجد الہاشمی صاحب کے برادرعزیز جناب ناصر الہاشمی صاحب مہربانی فرماتے ہیں جب بھی کوئی کتاب شائع کرتے ہیں تو اس کا ایک نسخہ ادھر بھی ارسال فرمادیتے ہیں۔ان کی اکثر کتابیں علمی موضوعات پر ہوتی ہیں ۔شرح عقائد نسفی عقائد پر وہ بنیادی کتاب ہے جسے اہل سنت کے معروف طبقے یکساں مفید خیال کرتے اوراس سے فیض یاب ہوتے ہیں ...... یہ کتاب دینی مدارس کے نصاب میں شروع ہی سے شامل رہی ہے۔اورعقائد کے حوالہ سے حوال کی کتاب ہے۔کتاب کا اردو ترجمہ اور شرح لکھنے کی سعادت جناب علامہ ابو عاصم غلام حسین ماتریدی صاحب نے پائی ہے ۔جبکہ تخریج ونظرثانی مولانا محمد ریاض احمد سعیدی صاحب نے کی ہے جو فیصل آباد میں ایک دور میں مفتی کے منصب پر فائز رہے ہیں ۔ہماری ان سے جبھی سے یاد اللہ ہے مگر یہ ٹریفک عرصہ دراز سے یک طرفہ چل رہا ہے ۔حقیقت یہ ہے کہ اس کتاب کی عربی شروحات کے بعد اردو میں ترجمہ وشرح کا کام ضروری تھا تا کہ نہ صرف درس نظامی میں یہ کتاب پڑھی پڑھائی جائے بلکہ عام قارئین بھی اس سے مستفید ہوسکیں کتاب ۴۷۰ صفحات پر مشتمل ہے قیمت درج نہیں ، کمپوزنگ میں اگر پوائنٹ سائز ۱۴ لگایا جاتا تو کتاب کی ضخامت کم ہوکر اخراجاتِ طباعت کم ہوتے اور قاری کو سستے داموں کتاب مل سکتی بہرکیف ...... کتاب ملنے کا پتہ مولانا ناصر الہاشمی ......اہل سنت پبلی کیشنز شاندار بیکری والی گلی منگلا روڈ دینہ ضلع جہلم۔

☆الابذکر الله تطمئن القلوب وتحط الذنوب وبه یرضی علام الغیوب وبه تفرج الکروب. ☆

ایک اور کتاب کا تحفہ مولانا ناصر الہاشمی صاحب نے بھجوایا ہے اور یہ ہے ......**مناقب معروف کرخی**...... یہ ایک عربی کتاب کا اردو ترجمہ ہے، کتاب کا اصل نام ......مناقب معروف کرخی واخبارہ ...... ہے۔اور یہ علامہ ابوالفرج عبدالرحمٰن بن علی المعروف با بن الجوزی کی لکھی ہوئی ہے اس پر تحقیق کا کام ڈاکٹر عبداللہ الجبوری نے کیا ہے جبکہ اس محقق کتاب کا ترجمہ علامہ محمد ریاض سعیدی صاحب نے کیا ہے۔علامہ ابن الجوزی بغداد کے معروف واعظ عالم، مفسر، محدث تھے۔بعض علماء نے انہیں صرف واعظ کہا ہے۔اگر چہ اس میں صرف مناقب کرخی ہیں تاہم حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ کے احوال پر یہ کتاب تصوف کی کتابوں میں ایک اچھا اضافہ ہے، ۲۵۶ صفحات کی اس کتاب پر بھی قیمت درج نہیں...... ملنے کا پتہ اہل سنت پبلی کیشنز شاندار بیکری والی گلی منگلا روڈ دینہ ضلع جہلم۔

ایک اور کتاب کا تحفہ ہمیں پروفیسر ڈاکٹر عبدالقدوس صہیب صاحب نے بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی ملتان سے بھیجا ہے، ڈاکٹر صاحب اس یونیورسٹی میں اسلامک ریسرچ سینٹر کے ڈائیریکٹر ہیں۔اور یہ کتاب انہی کے سینٹر نے شائع کی ہے۔کتاب کا عنوان ہے......**خطبات سیرت**......از پروفیسر ڈاکٹر محمد یوسف فاروقی صاحب۔یہ ڈاکٹر صاحب کے ان خطبات کا مجموعہ ہے جو آپ نے اسلامک ریسرچ سینٹر بی زیڈ یو میں مختلف اوقات میں دئے ان خطبات کے لئے ڈاکٹر صاحب کو باضابطہ مدعو کیا گیا تھا۔آپ کے خطبات کے عنوانات حسب ذیل ہیں۔

۱......حفاظت سیرت کا تکوینی پہلو ۲......اسوہ حسنہ اور اصول منصوبہ بندی

۳......مشاورت ایک دستوری اصول ۴......اسوہ حسنہ اور اصول ترجیحات واصول تدریج

۵......اسوہ حسنہ اور اصول تیسیر ٦......اسوہ حسنہ اور اصول احتساب

۷......فکری ارتقاء اور تعمیر شخصیت سیرت طیبہ کی روشنی میں۔

اسلامک سینٹر بی زیڈ یو کے مدیر محترم اور منتظمہ مبارک باد کی مستحق ہے کہ انہوں نے ڈاکٹر فاروقی صاحب سے استفادہ کا ایک اچھا موقع حاصل کیا اور اسے نفع عام کے لئے شائع کرنے کا اہتمام بھی کیا۔خوبصورت سرورق عمدہ کاغذ معیاری طباعت نے کتاب کو چار چاند لگادئے ہیں۔

خطبات کا یہ مجموعہ حاصل کرنے کے لئے خط لکھیں۔ڈاکٹر عبدالقدوس صہیب صاحب، ڈائیریکٹر اسلامک سینٹر بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی ملتان......

☆لا تنتظر شکرا من احد ویکفی ثواب الصمد وما علیک ممن جحد وحقد وحسد.☆